گھریلو قرض الحسنہ فنڈ (کمیٹی) کے ممبران سے اضافی رقم لینا - 2 /Aug/ 2021

سوال: ادارے کے ملازمین نے مل کر کمیٹی (قرض الحسنہ فنڈ) تشکیل دی ہے جس میں ہر مہینہ قرعہ اندازی کے ذریعے ایک شخص کو کمیٹی (قرض الحسنہ) ملتی ہے۔ پانچویں مہینے کے بعد ہر ممبر اضافی رقم ادا کرتا ہے تا کہ وہ افراد جن کو زیادہ لمبی مدت تک انتظار کرنا پڑتا ہے، زیادہ پیسے وصول کریں اور یہ سلسلہ آخر تک چلتا ہے۔ تمام ممبران کی رضامندی کو مد نظر رکھتے ہوئے کیا ہمارا یہ کام سود شمار ہوگا؟

جواب: اگر اضافی رقم افراط زر کی مقدار سے زیادہ نہ ہو اور ان افراد کی جانب سے ادا کی جائے جو پہلے قرض (کمیٹی) وصول کر چکے ہیں تو کوئی حرج نہیں ہے۔